
# آل میمن ویلفیئر کوآپریٹیو ہاؤسنگ سوسائٹی لمیٹڈ کراچی

# 41st ANNUAL REPORT

## 2011-2012




آل میمن ویلفیئر کوآپریٹیو ہاؤسنگ سوسائٹی لمیٹڈ کراچی

کی مجلس انتظامیہ نے اپنے رجسٹرڈ آفس 247 سیکنڈ فلور،
نا پلازہ حسرت موہانی روڈ، نیو چالی، کراچی سے جاری کیا۔

سوسائٹی آفس فون : 021-32629745

CamScanner



# میمن نگر میں تعمیر شدہ مکانات کے مناظر



CamScanner

بسم الله الرحمن الرحيم


In The Name Of

# Allah

The Most Gracious,

The Most Merciful

CS CamScanner



# خطاب

**محمد زبیر عبدالغفار**

صدر سوسائٹی

معزز ممبران سوسائٹی اور انتظامیہ کمیٹی

السلام علیکم

میں آج سوسائٹی کے 41 ویں سالانہ جلسے میں آپ کی شرکت اور سوسائٹی کے معاملات میں دلچسپی کو دیکھ کر بے حد خوشی محسوس کر رہا ہوں۔

گزشتہ سال جنرل باڈی میٹنگ کے دوران کچھ ضروری کام مکمل کروانے کا وعدہ کیا تھا۔ جن میں بیشتر کام مکمل ہو چکے ہیں۔

رحمت نے دیکھ کر میری طوفان نوازیاں
ہر موج کو بنا دیا ساحل جگہ جگہ

میں اس سلسلے میں سیکٹر A-13 اور سیکٹر A-15 کی محلّہ کمیٹی کا بھی بہت شکر گزار ہوں۔ جنہوں نے انتظامیہ کمیٹی کے ساتھ مکمل تعاون کیا۔ اور صبر کا دامن نہیں چھوڑا۔ دونوں سیکٹرز A-13 اور A-15 میں پانی کا نیا کنکشن لے کر دیرینہ مسئلہ انتظامیہ کمیٹی اور دونوں سیکٹرز کے محلّہ کمیٹی اراکین کے ساتھ ملکر حل کروایا۔ دونوں سیکٹرز میں چوکیداری سسٹم پر نظر ثانی کرتے ہوئے سیکورٹی گارڈز کی مد میں رقم کا اضافہ کر دیا ہے۔

امسال آپ نے مجھے دوبارہ بطور صدر سوسائٹی منتخب کر کے اپنے بھرپور اعتماد کا مظاہرہ کیا ہے میری طرف سے ہر ممکن کوشش ہوگی کہ میں اپنی تمام ذمہ داریوں کو احسن طریقہ سے نبھا سکوں اسکے لئے آپ کا تعاون میرے لئے نہایت ضروری ہے۔

آخر میں اپنی سوسائٹی کے تمام اراکین انتظامیہ کمیٹی کا بہت شکر گزار ہوں۔ جن کی کوششوں سے تمام معاملات حل ہوئے۔ میں سوسائٹی ممبران سے پر زور اپیل کرتا ہوں کے وہ اپنے پلاٹس کے واجبات کی ادائیگی کرنے میں دیر نہ کریں تا کہ باقی ماندہ ترقیاتی کام بھی مکمل کئے جا سکیں۔ دیگر تفصیلات آپ کو جناب محمد یوسف عبداللہ جنرل سیکریٹری صاحب اپنی رپورٹ میں بتائیں گے۔

اللہ تعالی ہم سب کو اپنی امان میں رکھے۔ آمین۔

دعا گو

**محمد زبیر عبدالغفار**

صدر سوسائٹی

CamScanner



اعزازی جنرل سیکریٹری

محمد یوسف عبداللہ نوی والا

# سالانہ جائزہ رپورٹ

محترم جناب صدر نائب صدر اور معزز ممبران سوسائٹی

السلام علیکم!

یوں تو ہمارے صدر جناب محمد زبیر صاحب اور نائب صدر جناب غلام حسین صاحب نے مختصراً آپ لوگوں کو بتا ہی دیا ہے۔ لیکن آج ہوئی کے 41 ویں سالانہ اجلاس کے موقع پر بطور اعزازی جنرل سیکریٹری تفصیل سے لوگوں کے سامنے رپورٹ پیش کرنے سے پہلے یہ الفاظ ضرور کہنا چاہتا ہوں۔

ہم انتہائے ستم کے بھی اہل ہیں کہ نہیں
یہ امتحاں بھی اے زندگی لیا ہوتا

اجلاس میں موجود تمام حضرات مجھ سے واقف ہیں۔ میں بطور جنرل سیکریٹری کافی عرصے سے اپنے فرائض منصبی بخوبی سرانجام دے رہا ہوں۔ اور آپ لوگوں نے اس ناطے بہت عزت بخشی ہے۔ میری ہر ممکن کوشش ہوتی ہے کہ میں انتظامیہ کمیٹی کے اراکین کے ساتھ مل کر آپ لوگوں کو ہر بنیادی سہولت باہم پہنچا سکوں۔ ان ہی کوششوں کی وجہ سے آج میمن نگر کے دونوں سیکٹرز اللہ پاک کے فضل و کرم سے بنیادی سہولتوں کے لحاظ سے علاقے میں ایک نمایاں حیثیت رکھتا ہے۔ گزشتہ سال سیکٹر 13-A اور سیکٹر 15-A میں پانی کی کم فراہمی کا مسئلہ تھا، انتظامیہ کمیٹی کے اراکین اور محلہ کمیٹی کے تعاون سے KW&SB سے دونوں سیکٹرز میں نیا کنکشن کروا کر یہ بنیادی مسئلہ حل ہو گیا ہے۔ آج اللہ تعالیٰ کی فضل سے دونوں سیکٹرز میں پانی وافر مقدار میں ہے۔

**اب ملاحظہ فرمائیے سوسائٹی انتظامیہ کی کارکردگی کے بارے میں جائزہ رپورٹ برائے سال 2011-2012**

CamScanner

# میمن نگر سیکٹر 13A

۱۔ **میمن مسجد میمن نگر** میمن مسجد سیکٹر A-13 کا ماشاءاللہ سے علاقے میں ایک خوبصورت مسجد میں شمار ہوتا ہے۔ جہاں ہزاروں مسلمان بھائی نم... کرتے ہیں۔ خاص طور پر رمضان کے مہنے میں رونق بڑھ جاتی ہے۔ اس سلسلے میں مسجد کے پیش امام صاحب کی شعلہ بیانی اور دینی لگن لوگوں کو اس م... طرف مائل کرتی ہے۔ اور نمازی بھائی خاص طور پر رمضان المبارک کے مہینے میں بڑی پر رونق فضا قائم رکھتے ہیں اور نمازی حضرات کی کثیر تعداد اع... میں حصہ لیتی ہے۔ اللہ تعالی کی مہربانی سے رمضان کے پورے مہینے میں افطاری کا اہتمام کیا جاتا ہے۔ اور رمضان کے آخری عشرے میں سحری اور ا... (دونوں) کا اہتمام ہوتا ہے۔

۲۔ **گارڈن**۔ سیکٹر A-13 میں گارڈن کا کام مکمل کرنے میں محلّہ کمیٹی کا سوسائٹی انتظامیہ کے ساتھ بھرپور تعاون رہا ہے۔ جس کی وجہ سے آج ہ... گارڈن کو ایک ماڈل پارک کے طور پر دیکھ رہے ہیں۔ جہاں میمن نگر کے رہائشی اپنی فیمیلیز کے ساتھ تفریح کرتے ہیں۔ اس گارڈن کی دیکھ بھال ک... داری ڈاکٹر فرحان صاحب نے باخوبی سرانجام دے رہے ہیں۔

۳۔ **گیس لائن**۔ سیکٹر A-13 میں گیس لائن کا کام سو فیصد مکمل ہو چکا ہے۔ تمام تعمیر شدہ مکانات پر گیس کے میٹر لگے ہوئے ہیں۔ اور رہائشی اس... سے بھرپور فائدہ حاصل کررہے ہیں۔

۴۔ **بجلی کی فراہمی**۔ سیکٹر A-13 میں بجلی کی فراہمی کا کام بہت پہلے مکمل کر لیا گیا تھا۔ لہذا بجلی کے معاملے میں کوئی پریشانی نہیں ہے۔

۵۔ (Road Work) **سڑکوں کا کام**۔ اللہ کے فضل و کرم سے سیکٹر A-13 میں سڑکوں کا کام مکمل ہو چکا ہے۔ جس کی وجہ سے میمن نگ... دوسرے علاقے کی نسبت بڑی رونق اور خوبصورتی نظر آتی ہے۔ سیکٹر A-13 میں تقریباً 80 فیصد پلاٹس پر مکانات تعمیر ہو چکے ہیں۔ باقی پلاٹ ہ... سے میری پرزور گزارش ہے کہ وہ اپنے پلاٹس پر جلد از جلد مکان تعمیر کروائیں تاکہ علاقے کی رونق میں مزید اضافہ ہو۔

۶۔ **محلّہ کمیٹی سیکٹر A-13**۔ کے چیئرمین جناب نعیم حبیب صاحب اور انکے ساتھی جناب نوید حنیف، شعیب عبدلواحد اور فرید احمد بڑی لگن سے... کام میں حصہ لیتے ہیں۔ سوسائٹی انتظامیہ محلّہ کمیٹی کو سیکورٹی کی مد میں مبلغ -/40000 روپے ماہانہ ادا کرتی ہے۔ اور سیکورٹی گارڈز بھی محلّہ کی دیکھ... میں اپنے فرائض کی انجام دہی میں کسی قسم کی کوتاہی نہیں کرتے۔ سیکورٹی کے حوالے سے سیکٹر A-13 کے لوگ مطمئن ہیں۔

# میمن نگر سیکٹر 15A

**مسجد**۔اس سیکٹر میں مسجد کی تعمیر کا کام ابھی شروع نہیں ہوا۔البتہ نماز کے لئے اس سیکٹر میں انڈسٹریل پلاٹ پر عارضی طور پر نماز کی ادائیگی کا انتظام کیا ہے۔انشاءاللہ بہت جلد مسجد کی تعمیر شروع کر دی جائے گی۔

**گیس کی سہولت**۔اس سیکٹر میں اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے گیس کی سہولت میسر ہے۔اور تمام تعمیر شدہ مکانات پر گیس کے میٹر لگے ہوئے ہیں۔اور 15-A کے لوگوں کو گیس کے سلسلے میں کوئی شکایت نہیں ہے۔

**بجلی کی فراہمی**۔اس سیکٹر 15-A میں بجلی کی فراہم کر دی گئی ہے۔اس کام کو پائیہ تکمیل تک پہنچانے میں جناب ندیم حبیب جناب عرفان گاڈٹ اور کمیٹی کے اراکین کا کردار بڑا نمایاں رہا ہے۔اس سیکٹر کے رہائشی حضرات کو KESC کے میٹر کی فراہمی کا کام جاری ہے۔آپ حضرات سے پرزور گزارش کی جاتی ہے کہ سیکٹر 15-A جو بھی بقایاجات نکلتے ہیں آپ لوگ فوری طور پر جمع کروادیں۔کیونکہ سوسائٹی انتظامیہ نے بھاری رقم ادا کر کے KESC والوں سے بجلی حاصل کی ہے۔اس کے علاوہ ابھی Roads کا کام باقی ہے۔

**محلہ کمیٹی سیکٹر 15-A**۔سیکٹر 15-A کے رہائشی حضرات نے اپنی محلہ کمیٹی بنا کر اپنے سیکٹر کی سیکورٹی اور Maintenance کا انتظام خود سنبھال لیا ہے۔سوسائٹی انتظامیہ بھی اس سلسلے میں -/Rs.100,000 ماہانہ ادا کر رہی ہے۔محلہ کمیٹی کے صدر جناب توصیف گاڈٹ صاحب اور انکے ساتھی جناب محمد ابراہیم اور دیگر صاحبان نے بڑی محنت سے اپنے محلہ داروں کی خدمت کر رہے ہیں۔اور سوسائٹی انتظامیہ کے ساتھ بھی تعاون کرتے ہیں۔

**پانی اور سیوریج کی لائنیں** جیسا کہ میں اوپر عرض کر چکا ہوں۔ہمارے دونوں سیکٹرز میں پانی کی کمی کا سامنا تھا۔اس سلسلے میں سیکٹر 15-A کے محلہ کمیٹی کے تمام اراکین نے اپنا مثبت کردار ادا کیا اور سوسائٹی انتظامیہ کے ساتھ ملکر KW&SB انتظامیہ کے ساتھ مل کر نیا کنکشن لینے میں کامیاب ہوئے۔اب اس سیکٹر میں پانی کی کمی نہیں ہے۔اور سیوریج کی تمام لائنیں از سر نو مرمت کر دی گئی۔یہاں اس سلسلے میں کوئی پریشانی نہیں رہی۔

میں آپ لوگوں کا شکر گزار ہوں کہ آپ تعمیراتی کاموں میں بڑے زور و شور سے مصروف عمل ہیں۔اس وقت تقریبا 80 سے 100 مکانات تعمیر ہو چکے ہیں اور 20 سے 25 مکانات کے نقشے پاس ہونے کے لئے جا چکے ہیں۔عنقریب ان کی تعمیرات بھی شروع ہو جائینگی۔دیگر حضرات سے بھی میری درخواست ہے کہ آپ جلد از جلد اپنے پلاٹس پر تعمیراتی کام شروع کر دیں۔

CamScanner

# مینجنگ کمیٹی اور دیگر سب کمیٹیز

1۔ **مینجنگ کمیٹی** کے گزرے سال کے دوران 09 میٹنگز کیں۔ جن میں سوسائٹی کے معاملات پر بحث و تفہیم کے ذریعے متفقہ فیصلے کیے گئے۔

2۔ **ٹرانسفر سب کمیٹی** کینویز جناب عبدلواحید موسی صاحب کی سر براہی میں یہ کمیٹی اپنی ذمے داریاں بڑے احسن طریقے سے نبھارہی ہیں۔ پلاٹ ٹرانسفر کے سلسلے میں گزشتہ سال کی طرح اس سال بھی کافی میٹنگز ہوئیں اور ایک خاصی تعداد میں پلاٹس کی ٹرانسفر عمل میں لائی گئی۔ سابق کنوینر سب کمیٹی جناب غلام حسین صاحب کی جانب سے بنائے گئے طریقہ ءکار پر ممبران بحسن وخوبی عمل پیرا ہیں۔

3۔ **ڈیولپمنٹ سب کمیٹی** کے کنوینر جناب ندیم حبیب صاحب بڑی دیانتداری سے کام سرانجام دیتے ہیں۔ اس سال ڈیولپمنٹ سب کمیٹی کے دوران مختلف کاموں پر غور وفکر کرنے کے بعد سفارشات دی گیئں۔ ڈیولپمنٹ سب کمیٹی کے ارکان سیکٹر 15-A کے ترقیاتی کاموں پر بڑی تندہی سے عمل پیرا ہیں۔

4۔ **بجلی کی فراہمی کے لئے سب کمیٹی** کے کنوینز بھی جناب ندیم حبیب صاحب ہیں۔ اور انہوں نے انتظامیہ کمیٹی کے تعاون سے سیکٹر A-15 میں بجلی کی فراہمی کا کام مکمل ہو چکا۔ اس کام کے دوران بہت سے مشکلات کا سامنا رہا۔ اللہ پاک کی فضل وکرم سے تمام انتظامیہ کمیٹی کے ارکان سرخرو ہوئے جس کی وجہ سے آج سیکٹر 15-A بجلی کے قمقموں سے روشن ہو چکی ہے۔

5۔ **آڈٹ اینڈ فنانس سب کمیٹی**: اس سب کمیٹی کے کنوینز حاجی عبدالرزاق حاجی محمد صاحب نے اپنے فرائض بڑی خوش اسلوبی اور دیانتداری سے کئے سوسائٹی کے مالی معاملات میں انتظامیہ کو اپنے قیمتی مشوروں سے نوازتے رہے۔ اور خاص طور پر آڈٹ کے معاملے میں بڑی باریک بینی سے دیکھتے ہیں۔

CamScanner

# سوسائٹی الیکشن برائے سال 2012-2013

اس سال چار اراکین انتظامیہ کمیٹی اور صدر سوسائٹی کے لئے الیکشن ہونا تھا۔ جس کے لئے درج ذیل چار افراد کی جانب سے Nomination Forms جمع ہوئے۔(۱) جناب حاجی عبدلرزاق میمن (۲) جناب یوسف عبدالاللہ (۳) جناب محمد عبدلواحد مارفانی (۴) جناب خرم جلال۔ جب کہ صدر سوسائٹی کے لئے Nomination Form جمع کرائے گئے۔ جن میں سے ایک صاحب بنام جناب خرم جلال عہدۂ صدارت کیلئے الیکشن لڑنے سے دستبردار ہو گئے۔ اور یوں جناب محمد زبیر عبدالغفار صدر سوسائٹی بلا مقابلہ منتخب ہو گئے۔ دیگر چار اراکین انتظامیہ کمیٹی بھی بلامقابلہ منتخب کامیاب قرار پائیں۔ امید کرتے ہیں کہ منتخب صدر سوسائٹی اور چار اراکین انتظامیہ کمیٹی سوسائٹی کی بہتری کے لئے کوشاں رہیں گے۔ میں ان تمام حضرات کا تہ دل سے شکریہ ادا کرتا ہوں اور امید کرتا ہوں کہ آئندہ سال یہ منتخب حضرات سوسائٹی کے کاموں میں انتہائی خلوص اور جذبے کے ساتھ اپنی خدمات انجام دینگے۔ میں سوسائٹی کے صدر جناب محمد زبیر عبدلغفار اور نائب صدر جناب غلام حسین حبیب صاحب اور جناب عبدلواحد موسیٰ صاحب کا بے حد شکرگزار ہوں جو نہایت دانش مندی سے سوسائٹی کے معاملات کو سدھارنے اور صحیح سمت چلنے کی راہ متعین کرتے ہیں۔ دیگر اراکین، جناب حاجی عبدالرزاق حاجی محمد صاحب، جناب اقبال اسماعیل قاسمانی، جناب محمد اقبال غنی صاحب، جناب محمد حنیف سلطانی صاحب، جناب ندیم حبیب صاحب،، جناب عبدلوحید مارفانی صاحب اور جناب محمد منیر قادری صاحب کا بھی بے حد شکرگزار ہوں کہ ان تمام حضرات نے میرے ساتھ ہر ممکن تعاون کیا۔

میں سالانہ آڈٹ رپورٹ کے سلسلے میں سوسائٹی کے آڈیٹرز ساندھوانیڈ کمپنی چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس کا بھی شکرگزار ہوں کہ انکے اسٹاف نے آڈٹ کے دوران بھرپور تعاون کیا۔

میں یہاں سوسائٹی کے آفس اسٹاف کا بھی شکرگزار ہوں جو بڑی دیانتداری سے اپنے فرائض انجام دیتے ہیں۔

آخر میں امید کرتا ہوں کہ آئندہ بھی آپ سب کا تعاون اور خلوص اسی طرح حاصل رہا تو بہت جلد سیکٹر A 15 بھی اسکیم 33 کے اندر ایک دلکش رہائشی منصوبہ آپ کی نگاہوں کا مرکز ہوگا۔

وآخر دعوانا ان الحمدللہ رب العالمین

آپ کا مخلص

محمد یوسف عبداللہ نوی والا

اعزازی جنرل سیکریٹری

CS CamScanner

# میمن نگر سیکٹر 13-A کی تصویری جھلکیاں








CS CamScanner

# میمن نگر سیکٹر 13-A کی تصویری جھلکیاں








CamScanner

# میمن نگر سیکٹر 13-A اور 15-A کی تصویری جھلکیاں














CamScanner







CamScanner







CamScanner

# آل میمن ویلفیئر کوآپریٹیو ہاؤسنگ سوسائٹی لمیٹڈ کراچی

## اراکین مجلس انتظامیہ


برائے سال
2011-2012



جناب محمد زبیر عبدالغفار
صدر سوسائٹی



جناب غلام حسین حبیب
نائب صدر سوسائٹی



جناب ایم یوسف عبداللہ نوی والا
اعزازی جنرل سیکریٹری

# اراکین مجلس انتظامیہ



جناب حاجی عبدالرزاق حاجی محمد



جناب عبدالواحد موسیٰ




جناب اقبال اسماعیل قاسمانی




جناب محمد منیر قادری



جناب محمد حنیف سلطانی



جناب محمد اقبال غنی



محمد صدیق محمد اسماعیل مانگرول والا



جناب ندیم حبیب




عبدالواحد مارفانی


CS CamScanner








CamScanner








CamScanner




CamScanner







CamScanner








CamScanner








CamScanner







CamScanner







CamScanner

## MINUTES OF THE 40th ANNUAL GENERAL BODY MEETING HELD ON SUNDAY THE 20th OF May, 2012

Fortieth (40th) Meeting of the General Body of Society was held on "SUNDAY" the 20th of May, 2012 at 11.00 a.m. at site Sector 15-A, Memon Nagar, Scheme 33, Karachi.

As per attendance Register Eighty (80) members of Society attended this meeting. The Dy. District Office, Coop. Societies VI, Karachi alongwith his two subordinates were kind to attend and to witness the meeting proceedings.

The meeting started with recitation of **"HOLY QURAN"** made by Mr. Anees Raza Qadri and Fatehha Khani was offered for the departed soul of late Ahmed Omer Diwan ex-President of Society who expired on 25-3-2012. Thereafter, the agenda was taken up :-

Item # 1 Minutes of the last Annual General Body Meeting held on 05th June, 2011, which were already printed in the Annual Report and also circulated to the members. There was no query made from any member. Thereafter, minutes were confirmed unanimously.

Item # 2 (A) Mr. Ghulam Hussain Habib, the senior most M.C. member of Society showed his grief on sudden demise of Ahmed Omer Diwan and applauded the sincerity and struggle of the ex-President for betterment of the Society.

(B) A detailed Annual Report of Society's activities for the year 2010-2011, was prepared by H.G.S. duly printed in the booklet and which dispatched to all the members and also distributed among the participants of A.G.B.M.

**Item # 3** The Accounts and Balance of Society for the year 2010-2011 was also printed in the booklet alongwith annual report of the Society. Some queries were raised by the participants which were replied by Mr. Ghulam Hussain Habib M.C.Member satisfactorily. Therefore Accounts and Balance Sheet of the Society were approved by the House.

**Item # 4** Appointment of **M/s. Sandhu & Company**, Chartered Accountants as Auditors of Society for the year 2011-2012, and their remuneration was approved unanimously.

CamScanner

tem # 5 Am·ndment in Bye-Laws No. 80 regarding present address of Society Office (247-Sunny Plaza, Hasrat Mohani Road, Karachi) was approved unanimously.

tem # 6 The H.G.S informed the house about Society's Election for the year 2011-2012 that two nominations were received for Presidentship out of which one candidate Mr. Ghulam Hussain withdrew his nomination. Resultantly. Mr. M. Zubair, A. Ghaffar was elected un-opposed as President. And five nominations were received against four positions for Committeemen out of which Mr. Abdul Wahid Marfani withdrew his nomination. Thus, the following four members were elected un-opposed as committeemen:-

(1) Mr. Muhammad Iqbal Ghani
(2) Mr. Iqbal Ismail Kasmani
(3) Mr. Ghulam Hussain Habib
(4) Mr. Muhammad Siddiq

tem # **Any Other Matter**

The participants were of the view that next A.G.B.M be arranged in Sector 13-A and like-wise turn-by-trun in future. This suggestion was approved by the majority.

The residents of sector 15-A were complaining about the problems being faced by them as follows:-

1) Short supply of drinking water
2) No arrangment of street lights
3) In sufficient security guards strength
4) Removal of Jungle & repair of sewerage lines
5) Provision of manhole covers

Mr. M. Zubair assured the residents of sector 15-A that the said problems will be solved in due course with their cooperation. Then meeting was ended with a vote of thanks to the whole managment of the society.

Hon. Gen. Secy. President

CS CamScanner

# ALL MEMON WELFARE COOPERATIVE HOUSING SOCIETY LTD

247-SUNNY PLAZA, 2ND FLOOR, HASRAT MOHANI ROAD,
NEW CHALLI, KARACHI. TEL. 32629745

Ref: AMWCHS/41st AGBM

Karachi dated 24.01.2013

## NOTICE FOR THE 41st ANNUAL GENERAL BODY MEETING AND ANNUAL ELECTION OF SOCIETY FOR THE YEAR 2012-2013

Forty First (41st) Annual General Body Meeting and Election of Society for the year 2012-2013 will be held on **"SUNDAY"** the **17th of March,2013** at **Site, Sector 13-A, Memon Nagar, Scheme-33, Karachi.**

Time of Meeting is 11.00 a.m to 01.00 p.m

Following Agenda will be transacted at the General Body Meeting:-

Agenda TILAWAT-E-QURAN SHARIF

Item # 1 To read and confirm the Minutes of the 40th Annual General Body Meeting of Society held on 20-05-2012

Item # 2 (i) A brief speech by the President of Society.
(ii) A brieg speech by the Vice President of Society.
(ii) Annual Report of Society's activities by H. G. S for the year 2011-2012.

Item # 3 To approve and confirm the Accounts and Balance Sheet of Society duly audited by the Chartered Accountants, M/s.Sandhu & Company, for the year 2011-2012.

Item # 4 To appoint Auditors of Society for the year 2012-2013 and to fix their remuneration.

Item # 5 To elect One President and Four Committeemen for the year 2012-2013 as per Society bye-laws No.47(a)

| | |
|---|---|
| Retiring President | **Mr. Zubair A. Ghaffar** |
| Retiring Committeemen | 1) Mr. M. Yousuf Abdullah<br>2) Mr. M. Hanif Sultani<br>3) Haji Abdul Razzak Memon<br>4) Mr. Abdul Wahid Marfani |

Item # 6 Any other matter for which a Notice is given to the Committee not less than fourteen (14) days before the Annual General Body Meeting:

I. In case the meeting is adjourned for want of QUORUM or because of agenda remains unfinished or due to abnormal condition in the city, the adjourned meeting will be held on "SUNDAY" 24-3-13 at the same place and same time.

II. Any member wishing to move any resolution should submit the text duly proposed and seconded in this Society Office during office hours minimum 14 days before the Annual General Body Meeting.

M.Yousuf Abdullah Naviwala
Hon. Gen. Secy.
For A.M.W.C.H.S Ltd, Karachi.

CamScanner

# ALL MEMON WELFARE
## CO-OPERATIVE HOUSING SOCIETY LTD.





247, 2ND FLOOR, SUNNY PLAZA,
HASRAT MOHANI ROAD, NEW CHALI, KARACHI.
PHONE : 021-32629745

CamScanner

# ALL MEMON

## WELFARE CO-OPERATIVE HOUSING SOCIETY LTD.

### MANAGING COMMITTEE OF SOCIETY FOR THE YEAR 2011-2012

| | | |
|---|---|---|
| 1. | Mr. Muhammad Zubair A. Ghaffar | President |
| 2. | Mr. Ghulam Hussain Habib | Vice President |
| 3. | Mr. M. Yousuf Abdullah Naviwala | Hon. Gen. Secy. |
| 4. | Mr. Abdul Wahid Musa | Member |
| 5. | Haji Abdul Razzak Haji Muhammad | Member |
| 6. | Mr. Muhammad Iqbal Ghani | Member |
| 7. | Mr. Iqbal Isamil Kasmani | Member |
| 8. | Mr. Muhammad Hanif Sultani | Member |
| 9. | Mr. Nadeem Habib | Member |
| 10. | Mr. Muhammad Muneer Qadri | Member |
| 11. | Mr. M. Siddiq M. Ismail Mangrolwala | Member |
| 12. | Mr. Abdul Wahid Marfani | Member |

MEMON NAGAR, SECTOR 13-A & 15-A, SCHEME-33, KARACHI.

CamScanner